نقد و نظر

دعواتِ حق

افادات : مولانا عبد الحق صاحب

ضبط و ترتیب : مولانا سمیع الحق

ملنے کا پتہ : موتمر المصنفین - دار العلوم حقانیہ - اکوڑہ خٹک - ضلع پشاور۔

صفحات : ۶۷۵ - کتابت، طباعت، کاغذ، جلد عمدہ - قیمت تیس روپے -

حضرت مولانا عبد الحق صاحب (مہتمم دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک) پاکستان کے مشہور اور بلند مرتبت عالم دین ہیں - ان کی زندگی کے شب و روز قال اللہ وقال الرسول کی روح پرور اور دل نواز فضاؤں میں بسر ہوتے ہیں اور انھوں نے بتوفیقِ خداوندی اپنے آپ کو درس و تدریس اور افادۂ طلبہ کے لیے وقف کر رکھا ہے - ان سے ہزاروں علما نے استفادہ کیا اور بے شمار تشنگانِ علوم نے ان کے چشمۂ فیض سے اپنی علمی پیاس بجھائی - وہ اگرچہ سن و سال کے اچھے خاصے سفر کی وجہ سے جسمانی طور پر ضعف و نقاہت کا احساس کرنے لگے ہیں مگر بحمد اللہ ان کا سلسلۂ فیض عالم شباب میں ہے اور دعا ہے اللہ تعالیٰ ان کا سایہ تا دیر قائم رکھے اور ان کا گلستانِ علم پھلتا پھولتا رہے۔

زیرِ نظر کتاب "دعواتِ حق" مولانا ممدوح کے خطبات و ارشادات کا قابلِ قدر اور لائقِ مطالعہ مجموعہ ہے - اس میں ان کے خطباتِ جمعہ بھی شامل ہیں اور وہ مواعظ بھی جو انھوں نے مختلف مقامات پر بیان فرمائے - زیادہ حصہ خطباتِ جمعہ کا ہے - اس میں عبادات و معاملات وغیرہ سب چیزیں بڑی اچھی ترتیب کے ساتھ آگئی ہیں - کتاب بارہ ابواب پر مشتمل ہے اور ہر باب اپنے دامن میں بہت سے معلومات کو سمیٹے ہوئے ہے - سب باتیں قرآن و حدیث کے ارشادات اور بزرگانِ دین کے اقوال و فرامین کی روشنی میں

بیان کی گئی ہیں۔ کتاب نصیحت آموز اور بہترین تذکار و موعظت کا دل آویز مجموعہ ہے۔ یوں تو یہ سب پڑھے لکھے لوگوں کے لیے مفید رہے گی مگر واعظین و مقررین اور خطبائے مساجد کے لیے بالخصوص فائدہ مند ثابت ہوگی۔

حضرت مولانا کے فرزند ارجمند مولانا سمیع الحق (مدیر الحق) کی یہ بڑی خدمت ہے کہ انھوں نے نہایت سلیقے اور قابلیت کے ساتھ ان بکھرے ہوئے جواہر پاروں کو جمع کر کے کتابی شکل میں شائقین کے سامنے پیش کر دیا۔ اس پر وہ بجا طور سے مبارک باد کے مستحق ہیں۔ کتاب کی افادیت کے پیشِ نظر ہم اپنے معزز قارئین سے اس کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں۔

زینتِ الاسلام۔ حصہ اول و دوم

مصنف : مولانا حافظ محمد لکھوی ؒ

ناشر : المکتبۃ السلفیہ۔ شیش محل روڈ۔ لاہور۔

صفحات : ۱۷۶، قیمت درج نہیں۔

زینت الاسلام، حضرت مولانا حافظ محمد بن بارک اللہ لکھوی (متوفی ۱۳۲۱ھ/۱۸۹۱ء) کی معروف تصنیف ہے، جو پنجابی نظم میں ہے اور دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ ۸۰ صفحات کو محیط ہے اور دوسرا حصہ ۹۶ صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ دونوں حصے یک جا ہیں۔

حافظ صاحب مرحوم اپنے دَور کے بہت بڑے عالمِ دین اور پنجابی کے شاعر تھے۔ اور متعدد اصلاحی اور فقہی کتابوں کے مصنف تھے۔ وہ صحیح معنوں میں مصلح پنجاب تھے۔ علوم مروجہ کی بہت سی شاخوں پر وہ مجتہدانہ نگاہ رکھتے تھے۔ ان کا تصنیفی درجہ بھی بلند تھا۔ مسائل تفسیر و حدیث اور فقہ کو شعر کے قالب میں ڈھالنے میں ان کو خاص ملکہ حاصل تھا۔

تفسیر محمدی (جو سات ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے)، احوال الآخرت اور انواع محمدی وغیرہ ان کی مشہور تصانیف میں سے ہیں۔ زیرِ نظر کتاب زینت الاسلام ان کی ایک تبلیغی اور اصلاحی تصنیف ہے۔ اس کتاب میں دینی و فقہی مسائل بیان